57th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 336 | صفحات: 08 | ۷ دسمبر ۲۰۲۵ بروز اتوار بمطابق ۱۵ جمادی الثانی ۱۴۴۷ | Sunday 07th December 2025 | جلد نمبر 57



## روہت شرما کے ۲۰ ہزار رنز

جنوبی افریقہ کے خلاف تیسرے ون ڈے میں روہت شرما نے جیسے ہی ۲۷ رنز مکمل کیے، انہوں نے انٹرنیشنل کرکٹ میں اپنے ۲۰ ہزار رنز بھی پورے کرنے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ روہت یہ کارنامہ انجام دینے والے چوتھے ہندوستانی بلے باز بن گئے ہیں۔ روہت سے پہلے صرف سچن تیندولکر، وراٹ کوہلی اور راہل دراوڑ یہ اعزاز حاصل کر چکے ہیں۔ (تفصیلات اندر)



## ہیزل ووڈ پھر نئی انجری کا شکار

جوش ہیزل ووڈ ایک بار پھر انجری کا شکار ہو گئے ہیں۔ ہیمسٹرنگ انجری سے صحت یاب ہونے کے دوران، وہ اب کم درجے کی ایچلیز انجری کا شکار ہو چکے ہیں۔ اس سے ایشز سیریز کے بقیہ میچوں میں ان کی دستیابی پر سوالات اٹھ گئے ہیں۔ سی اے نے دوسرے دن ہیزل ووڈ کی فٹنس سے متعلق ایک آفیشل اپ ڈیٹ جاری کیا۔ (تفصیلات اندر)

## ہوائی اڈوں پر پھنسے اُمیدواروں کی پریشانی پر عمر عبداللہ فکرمند

### امتحانات کو موخر کرنے کیلئے جموں وکشمیر پبلک سروس کمیشن سے اپیل



سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایئر لائنز کے جاری تکنیکی و آپریشنل مسائل کے سبب پیدا ہونے والی سفری بدنظمی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے امیدواروں کے لیے ایک غیر معمولی بحران قرار دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے پیغام میں کہا کہ متعدد اُمیدوار ایئرپورٹس پر پھنسے ہوئے ہیں جبکہ کچھ نے اپنی فلائٹس کے منسوخ یا تاخیر کا سامنا کیا، جس کے باعث ان کا 'جے کے پی ایس سی' امتحان میں شامل ہونا شدید خدشات کا شکار ہوگیا ہے۔ عمر عبداللہ نے اس صورتحال کو لوک بھون کی جانب سے عمر کی حد میں نرمی کی منظوری میں تاخیر کے ساتھ جوڑتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام امیدواروں کی/1




## گاڑی کے کھائی میں گرنے سے چار اہل خانہ جان بحق

### کشتواڑ ضلع کے علاقہ سرتھل میں گاڑی ڈرائیور کے قابو سے باہر

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے ضلع کشتواڑ کے سرتھل علاقے میں ہفتہ کے روز پیش آنے والے ایک المناک سڑک حادثے میں ایک ہی خاندان کے کم از کم چار افراد جاں بحق ہوگئے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق دہلی نمبر کی ایک شیورلیٹ کار رجسٹریشن نمبر ڈی ایل 5 سی ای-5634) دربشالہ کی جانب رواں تھی کہ ڈرائیور کے قابو سے باہر ہوکر گہری کھائی میں جا گری۔ مقامی لوگوں اور پولیس نے فوری طور پر ریسکیو کارروائی شروع کی۔ ذرائع نے بتایا کہ حادثے میں تین افراد موقع پر ہی دم توڑ بیٹھے جبکہ ایک شدید زخمی کو فوری طور پر نزدیکی اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے اسے بھی مردہ قرار دیا۔ جاں بحق افراد کی شناخت رنجیت سنگھ ولد مرحوم پورن چند، سمراں ٹھاکر دختر اوم پرکاش، چھ ماہ کی آشو دختر رنجیت سنگھ، اور جیوتی دیوی زوجہ رنجیت سنگھ کے طور پر ہوئی ہے۔ پولیس نے واقعے کا نوٹس لے کر قانونی کارروائی شروع کی، جبکہ حادثے کی وجوہات معلوم کرنے کے لیے تفتیش جاری ہے۔

## انڈیگو کی تقریباً 2000 پروازیں منسوخ ہوچکی ہیں

### ٹاٹا گروپ اور سپائس جیٹ نے اضافی پروازوں کا اعلان کردیا

نئی دہلی/ یو این آئی/ ملک بھر میں انڈیگو کے بحران کے درمیان ٹاٹا گروپ کی ایئر لائن ایئر انڈیا اور اس کی ذیلی کمپنی ایئر انڈیا ایکسپریس کی طرف سے اضافی پروازوں کا بندوبست کیا جائے گا۔ ایئر انڈیا نے ہفتہ کے روز سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ وہ "مسافروں اور ان کے سامان کو جلد از جلد اپنی منزلوں تک پہنچنے کو یقینی بنانے کے لیے اضافی پروازیں چلانے کے اختیارات پر غور کر رہی ہے۔" "ایئر انڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے مسافروں کو تکلیف سے بچانے کے لیے 4 دسمبر سے زیادہ مانگ کے درمیان کرایے کو محدود رکھنے کی پہل کی ہے۔ تاہم، اس پوسٹ کے جواب میں، کچھ لوگوں نے ایئر انڈیا ایپ کی اسکرین شاٹس شیئر کی ہیں، جس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ کرایوں میں کافی اضافہ ہوا ہے۔ کچھ لوگوں نے اپنے ٹکٹ کی تصاویر اور ٹکٹ کی قیمتوں کی اسکرین شاٹس دوسرے پلیٹ فارم پر بھی شیئر کی ہیں۔ واضح رہے کہ 4 دسمبر سے انڈیگو کی تقریباً 2000 پروازیں منسوخ ہوچکی ہیں اور آج رات تک یہ تعداد مزید بڑھ سکتی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ حکومت نے انڈیگو کے علاوہ دیگر ایئر لائن کمپنیوں سے کہا ہے کہ وہ مسافروں کی زیادہ بھیڑ سے نمٹنے کے لیے عارضی طور پر اضافی پروازیں چلائیں۔ اسپائس جیٹ نے بھی 100 اضافی پروازوں کا اعلان کیا ہے۔ ریلوے نے نجی ایئر لائن انڈیگو کی پروازوں میں آئی دشواریوں کے پیش نظر مسافروں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے ملک بھر کی 37 پریمیم ٹرینوں میں 116 اضافی کوچ جوڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ریلوے کی جانب سے جاری ایک پریس ریلیز میں بتایا گیا ہے کہ/4

## JKAS امتحان کو شیڈول کے مطابق آگے بڑھائیں گے/ چیئر مین

سرینگر/ جموں وکشمیر پبلک سروس کمیشن (جے کے پی ایس سی) شیڈول کے مطابق جے کے اے ایس (پریلم) امتحان منعقد کرے گا، جے کے پی ایس سی کے چیئر مین نے ہفتہ کو واضح کیا۔ یہ بیان جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی طرف سے جے کے پی ایس سی کے چیئر مین کو ایک خط لکھنے کے چند گھنٹے بعد آیا ہے جس میں ان سے درخواست کی گئی تھی کہ جے کے اے ایس کے آئندہ امتحان کو "طلبہ کے مفاد میں، ایک مناسب مدت تک ملتوی کر دیا جائے۔" اس سے قبل، سی ایم عمر عبداللہ نے ایئر لائن کے جاری مسائل کی وجہ سے پیدا ہونے والے سفری افراتفری پر تشویش کا اظہار/3

## پارلیمنٹ ہاؤس میں وزیر اعظم نے امبیڈکر کے مجسمہ پر پھول چڑھائیے

### انسانی وقار کو برقرار رکھنے اور جمہوری اقدار کو مضبوط کرنے کی ترغیب دی



سرینگر/ سی این ایس/ وزیر اعظم نریندر مودی نے ہفتہ کو ہندوستان کے آئین کے معمار بابا صاحب امبید کرکوان کی برسی پر خراج عقیدت پیش کیا۔ مودی نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ ڈاکٹر بابا صاحب امبید کر کو مہاپرینیروان دیوس پر یاد کرتے ہوئے، ان کی دور اندیش قیادت اور انصاف، مساوات اور آئین پرستی کے لیے غیر متزلزل عزم ہمارے قومی سفر کی رہنمائی کرتا رہتا ہے، وزیر اعظم نے کہا کہ امبیڈکر نے نسلوں کو انسانی وقار کو برقرار رکھنے اور/2

## شوپیان میں 6 مرلہ زمین پر قائم مکان کو قرق کردیا گیا

### پولیس ٹیم کے ساتھ ایگزیکٹو مجسٹریٹ، لمبردار اور چوکیدار بھی موجود تھے

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر پولیس نے شوپیاں میں منشیات کے کاروبار کے خلاف کارروائی کو مزید سخت کرتے ہوئے ایک رہائشی مکان کو ضبطی کی کارروائی کے تحت منسلک کر لیا۔ حکام کے مطابق مذکورہ مکان کی تعمیر میں وہ رقم استعمال ہوئی تھی جو منشیات کی خرید و فروخت سے غیر قانونی طور پر حاصل کی گئی تھی، جبکہ مالک ماضی میں بھی متعدد منشیات مخالف مقدمات میں ملوث پایا جا چکا ہے۔ پولیس نے بتایا کہ دو منزلہ رہائشی مکان محمد رفیق گنائی ساکن ہرمین شوپیاں کی ملکیت ہے اور یہ سروے نمبر 1169 کے تحت چھ مرلہ زمین پر قائم ہے۔ ریکارڈ کے مطابق گنائی کا نام ایف آئی آر 26/2020 پی ایس شوپیاں اور ایف آئی آر 85/2022 پی ایس ہیرپورہ سمیت دیگر مقدمات میں بھی درج ہے۔ پولیس کے مطابق کارروائی پوری قانونی نگرانی میں انجام دی گئی، جس میں پولیس ٹیم کے ساتھ ایک ایگزیکٹو مجسٹریٹ،/5

## موٹر سائیکل سوار کو سرِ راہ "پیٹنے" والے انسپکٹر کے خلاف کیس درج

### سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی ویڈیو کے بعد حکام کا فیصلہ جاری

جموں/ یو این آئی/ جموں کے ضلع ڈوڈہ میں اسسٹنٹ سب انسپکٹر کے خلاف اس وقت کارروائی عمل میں لائی گئی جب سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو وائرل ہوئی جس میں مبینہ طور پر اسے ایک موٹر سائیکل سوار کو سرِ عام تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ عوامی مقامات پر پیش آنے والے اس واقعے نے مقامی سطح پر شدید ردعمل کو جنم دیا۔ پولیس کے مطابق 3 دسمبر کو عنزر مجید ملک نامی شہری نے ڈی ایچ ڈوڈہ پولیس پوسٹ میں تحریری شکایت درج کرائی، جس میں الزام لگایا گیا کہ اے ایس آئی غلام علی ساکن صدیق آباد نے اسے بلا جواز روکا اور مار پیٹ کی۔ شکایت موصول ہوتے ہی پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے متعلقہ دفعات کے تحت ڈوڈہ پولیس اسٹیشن میں ایف آئی آر درج کی۔ پولیس بیان میں کہا گیا ہے کہ فورس کے اندر کسی بھی قسم کی بدسلوکی یا اختیارات کے غلط استعمال کے خلاف ہماری زیرو ٹالرینس پالیسی ہے، جس کے تحت قانونی کارروائی فوری شروع کر دی گئی ہے۔

## عمر کی حد بڑھانے امتحان کو موخر کیلئے JKAS اُمیدوار بھوک ہڑتال پر

### ہمیں یہ معلوم ہی نہیں ہے کہ ہماری فائل کہاں ہے

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر ایڈمنسٹریٹو سروس (جے کے اے ایس) کے درجنوں امیدواروں نے ہفتے کو یہاں مہاراجہ ہری سنگھ پارک میں اپنے مطالبوں عمر کی حد کو بڑھانے اور امتحان کو موخر کے لئے بھوک ہڑتال کی۔ اس موقع پر ایک امیدوار نے میڈیا کو بتایا: 'ہم یہاں گذشتہ روز 3 بجے سے پرامن بھوک ہڑتال پر ہیں، ہمیں یقین دلایا گیا تھا کہ ہماری عمر کی حد میں رعایت کی جائے گی'۔ انہوں نے کہا: 'ہمیں در در کی ٹھوکریں کھانا پڑتی ہیں ہمیں یہ معلوم ہی نہیں ہے کہ ہماری فائل کہاں ہے'۔ ان کا کہنا تھا: 'ہماری سرکار سے گذارش ہے کہ ہماری عمر کی حد میں رعایت دی جائے اور امتحان جو کل ہونے والا ہے اس کو موخر کیا جائے'۔ دریں اثنا سی پی آئی (ایم) کے سینئر لیڈر اور رکن اسمبلی محمد یوسف تاریگامی نے بھی جے کے اے ایس کے کل ہونے والے امتحان کو موخر کرنے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے 'ایکس' پر اپنے ایک پوسٹ/6

## جعلی دستاویزات اور من گھڑت معاہدوں کے الزامات پر

### کرائم برانچ نے دو مفرور ملزموں کے خلاف چارج شیٹ داخل کردی

سرینگر/ یو این آئی/ کرائم برانچ کشمیر (سی بی کے) کی اقتصادی جرائم ونگ نے دبئی ایکسپورٹ گھوٹالے میں دو مفرور ملزموں کے خلاف چارج شیٹ داخل کی ہے۔ ونگ کے ایک ترجمان نے بتایا کہ کرائم برانچ نے آر پی سی کے 420 اور 120 (بی) کے تحت درج ایف آئی آر نمبر 31/2023 میں دو ملزموں جن میں ایک عادی ملزم زاہد بشیر صوفی عرف شاگو ولد بشیر احمد صوفی ساکن اندرابی کالونی نارہ بل شامل ہے کے خلاف سری نگر کی ایک عدالت میں چارج شیٹ داخل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چونکہ دونوں ملزم بدستور مفرور ہیں لہذا چارج شیٹ سیکشن 512 سی آر پی سی کے تحت غیر حاضری میں پیش کی گئی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ 'زاہد بشیر شاگو اور ان کی اہلیہ شگفتہ پہلے ہی فراڈ کے متعدد مقدمات میں ملوث پائے گئے ہیں،/9

## منڈیوں میں باغبانی اور زرعی پیداوار کی خفیہ نیلامی کے واقعات

### محکمہ ہارٹی کلچر کا بیدار ہو کر تمام اسٹیک ہولڈروں کو انتباہ

سرینگر/ جے کے این ایس/ ڈائریکٹر ہارٹیکلچر پلاننگ اینڈ مارکیٹنگ، جموں وکشمیر نے یونین ٹریٹری کے کچھ پھلوں اور سبزیوں کی منڈیوں میں باغبانی اور زرعی پیداوار کی خفیہ نیلامی کے واقعات کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی رپورٹس کا سنجیدگی سے نوٹس لیا ہے۔ جے کے این ایس کے مطابق تمام اسٹیک ہولڈرز کو جاری کردہ ایک سرکیولر میں، محکمہ ہارٹیکلچر پلاننگ اینڈ مارکیٹنگ نے متنبہ کیا ہے کہ اس طرح کے طرز عمل کی سختی سے ممانعت ہے اور مارکیٹ کی کارروائیوں کو کنٹرول کرنے والے قابل اطلاق قوانین اور ضوابط کی واضح خلاف ورزی ہے۔ سرکیولر میں تمام تاجروں، کمیشن ایجنٹوں اور/8


## سرچ وارنٹ کے تحت لیتر علاقہ میں دُکان پر NIA کا چھاپہ

### تلاشی کے دوران حساس اور قابل اعتراض اشیاء کو ضبط کرلیا گیا ہے/ پولیس

سرینگر/ یو این آئی/ این آئی اے عدالت پلوامہ کی جانب سے جاری ایک باضابطہ سرچ وارنٹ کے بعد جموں وکشمیر پولیس نے ہفتے کو لیتر علاقے میں ایک دکان پر چھاپہ مار کارروائی انجام دی، جس دوران کئی ایسی اشیاء ضبط کی گئیں جنہیں کیس سے متعلق حساس اور قابلِ اعتراض قرار دیا جا رہا ہے۔ کارروائی مکمل قانونی طریقۂ کار کے مطابق، مجسٹریٹ اور آزاد گواہان کی موجودگی میں انجام دی گئی۔ پولیس کے مطابق کارروائی ایف آئی آر نمبر 24/2024 کے تحت کی گئی، جو یو اے پی اے کی دفعات 10 اور 13 سے متعلق ہے۔ چھاپے کے دوران محمد عامر راتھر نامی شخص کی دکان سے جے کے ڈی ایف پی کے پوسٹرز اور ممنوعہ لٹریچر برآمد ہوا، جسے قانونی تحویل میں لے کر تفصیلی جانچ کے لیے محفوظ کرلیا گیا ہے۔/7

## سماجی انصاف اور بااختیار بنانے کی ان کی وراثت ہماری ترقی کو تشکیل دیتی ہے

### لیفٹیننٹ گورنر کا ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کوان کے مہاپری نروان دیوس پر خراج تحسین پیش



سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بابا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو ان کے مہاپری نروان دیوس پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا مساوات، سماجی انصاف اور بااختیار بنانے کی ان کی وراثت ہماری ترقی کو تشکیل دیتی ہے۔ واضح رہے کہ مہاپری نروان دیوس ہر سال 6 دسمبر کو بھارت رتن ڈاکٹر بھیم راؤ رام جی امبیڈکر کی برسی کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ منوج سنہا نے اس سلسلے میں "ایکس" پر اپنے ایک پوسٹ میں کہا میں بابا صاحب ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر جی کو ان کے مہاپری نروان دیوس پر خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا مساوات، سماجی انصاف اور بااختیار بنانے کی ان کی وراثت ہماری ترقی کو تشکیل دیتی ہے۔ آیئے ایک جامع، ترقی پسند اور خود انحصار ہندوستان کی تعمیر کے اپنے عزم کا اعادہ کریں جو ان نظریات کو برقرار رکھے جن کا انہوں نے خواب دیکھا تھا۔



## JKPSC امتحانات کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی معلومات گمراہ کن

### لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کی طرف سے جاری کردہ ایک بیان میں وضاحت

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ہفتے کو جاری ایک اہم وضاحتی بیان میں کہا کہ جے کے پی ایس سی امتحانات کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی معلومات کا بڑا حصہ گمراہ کن ہے اور حقائق کو غلط انداز میں پیش کیا جا رہا ہے۔ ایل جی کے مطابق عمر میں نرمی سے متعلق فائل 2 دسمبر کو لوک بھون پہنچی تھی، اور اس کا امتحان کے انعقاد سے براہِ راست کوئی تعلق نہیں تھا۔ ایل جی سنہا نے ایکس پر جاری پوسٹ میں بتایا کہ متعلقہ فائل کو اسی دن یہ جاننے کے لیے واپس بھیجا گیا کہ آیا امتحان سے صرف چند دن قبل اہلیت کے معیار میں تبدیلی لانا عملی طور پر ممکن ہے یا نہیں۔ تاہم اُن کے بقول، فائل واپس بھیجے جانے کے بعد چار دن گزر جانے کے باوجود اس استفسار کا جواب موصول نہیں ہوا۔ انہوں نے نوجوان امیدواروں سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے یاد دلایا کہ 'جے کے پی ایس سی' نے 22 اگست 2025 کو امتحان کا اشتہار جاری کیا تھا، جبکہ 7 دسمبر 2025 کو ہونے والے امتحان کی باضابطہ تاریخ 6 نومبر 2025 کو نوٹیفائی کی گئی تھی۔ ایل جی نے کہا کہ امتحانات سے متعلق حقائق کو درست تناظر میں دیکھنا ضروری ہے اور انتظامیہ اس معاملے پر شفافیت برقرار رکھنے کی پابند ہے۔

## پوتن کو "کونگ" بطور تحفہ

### پانپور کے کسانوں کو مسرت

سرینگر/ جے کے این ایس/ ثقافتی سفارت کاری کے ایک اہم اشارے میں، وزیر اعظم نریندر مودی نے روسی صدر ولادیمیر پوتن کو وادی کے عالمی شہرت یافتہ 'ریڈ گولڈ' یعنی سرخ سونے کو بین الاقوامی پیڈسٹل پر رکھ کر پریمیم کشمیری زعفران کا تحفہ دیا ہے۔ قیمتی زعفران، جسے مقامی طور پر کانگ یا زعفران کے نام سے جانا جاتا ہے، پامپور کے اونچے کھیتوں سے حاصل کیا جاتا ہے اور عالمی سطح پر اس کے زرخیز رنگ، شدید مہک اور قوی ذائقے کی وجہ سے تعریف کی/11

## وادی کشمیر کے تمام کوچنگ سنٹروں کی نگرانی کے انتظامات اور منتظمین کو ہدایات

### ہر کوچنگ سینٹر اپنی کُل نشستوں کا 10 فیصد حصہ بی پی ایل، یتیم اور بے سہارا طلبہ کیلئے مخصوص کرے

سرینگر/ سی این ایس/ جموں وکشمیر انتظامیہ نے وادی بھر کے کوچنگ سینٹرز پر سخت نگرانی کے لیے نئے اور سخت قواعد وضوابط نافذ کر دیے ہیں۔ محکمہ تعلیم کی جانب سے جاری تازہ ہدایات کے تحت کوچنگ مراکز کو مکمل شفافیت، بہتر حفاظتی انتظامات اور غریب طلبہ کے لیے فلاحی سہولیات کو یقینی بنانا لازمی قرار دیا گیا ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق تمام کوچنگ سینٹرز کو اپنے کلاس وائز اور مضمون وار فیس اسٹرکچر کو عوامی سطح پر مشتہر کرنا ہوگا۔ اس کے ساتھ ہی، اساتذہ کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ اہلیت کی تفصیلات بھی کشمیر کے معتبر اخبارات میں شائع کرنا لازمی ہوگی، تاکہ طلبہ اور والدین باخبر فیصلہ کر سکیں۔ مزید یہ کہ ہر کوچنگ سینٹر کو بلڈنگ سیفٹی اور فائر سیفٹی سرٹیفکیٹ جمع کروانے ہوں گے۔ سینٹر کے مالک یا پروپرائٹر کے تازہ پولیس کردار و سابقہ ریکارڈ کی تصدیق بھی لازم قرار دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ایک حلف نامہ، جو فرسٹ کلاس جوڈیشل مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ ہو، پیش کرنا ہوگا جس میں یہ واضح ہو کہ کسی سرکاری ملازم کو کوچنگ سینٹر میں تدریس کے لیے مقرر نہیں کیا گیا ہے۔ طلبہ کے لیے محفوظ اور بہتر تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے حکومت نے تاکید کی ہے کہ ہر کوچنگ سینٹر میں بجلی کا مکمل انتظام، صاف ہوا کی فراہمی، مناسب روشنی، پینے کے صاف پانی کی دستیابی، اور جہاں ضروری ہو وہاں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کیے جائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ طلبہ کی شکایات کے حل کے لیے ہر ادارے میں شکایتی بکس یا رجسٹر/10

## پونچھ کا مفرور ملزم کوچی کیرالہ کے ہوائی اڈے پر گرفتار

### کئی فوجداری مقدمات میں طویل عرصہ سے روپوش ہوگیا تھا/ پولیس

جموں/ یو این آئی/ پونچھ پولیس نے متعدد فوجداری مقدمات میں مطلوب ایک مفرور ملزم کو کوچی ہوائی اڈہ کیرالہ سے گرفتار کیا ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پولیس اسٹیشن منڈی کی ایک ٹیم نے کوچی ہوائی اڈہ کیرالہ سے کئی فوجداری مقدمات میں مطلوب ایک مفرور ملزم کو گرفتار کر کے عدالت کے سامنے پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملزم فاروق عبداللہ ولد عبدالرحیم ساکن ساوجیاں منڈی ایف آئی آر نمبر 94/2018 اور ایف آئی آر نمبر 99/2020 میں مطلوب تھا جس کے لیے معزز عدالت نے سیکشن سی آر پی سی 299 کے تحت گرفتاری کے دو جنرل وارنٹ جاری کیے تھے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ شخص ایک طویل عرصے سے مفرور تھا۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ ضلع پولیس آفس پونچھ کی طرف سے جاری کردہ لک آؤٹ سرکیولر (ایل او سی) کی بنیاد پر، ملزم کو کوچی ہوائی اڈے پر روکا گیا اور حراست میں لے لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اطلاع ملنے کے بعد، پولیس اسٹیشن منڈی نے ایک خصوصی ٹیم تشکیل دی،/12

